نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کردیں

لاہور: 17جنوری 2024( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق رواں سال گندم کی بروقت کاشت،فاسفوری کھادوں اور ترقی دادہ بیج کے استعمال کے باعث اب تک فصل کی حالت بہت اچھی ہے۔گندم کی فصل میں نائٹروجنی کھاد کی دوسری قسط 55 تا 60 دن تک مکمل کرلینی چاہیے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ اس وقت گندم کی کاشت ہونے والی قریباً 72فیصد فصل کی عمر 60 دن سے زائد ہوچکی ہے لہذا کاشتکار یوریا کے غیر ضروری استعمال سے اجتناب کریں۔یوریا کے زیادہ استعمال سے فصل کی نباتاتی بڑھوتری میں غیر ضروری اضافہ ہوجاتا ہے اور تیز ہوا چلنے کی صورت میں فصل کے گرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں جس سے پیداوار میں خاطر خواہ کمی واقع ہوتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگر گندم کی فصل کی حالت اچھی ہے اور پتوں کا رنگ گہرا سبز ہے تو مزید یوریا کھاد استعمال نہ کی جائے۔تاہم اگر فصل کمزور ہے اور پتوں کا رنگ زرد ہے تو یوریا کا استعمال محکمہ زراعت توسیع کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کیا جاسکتا ہے۔جن کھیتوں میں نمی زیادہ ہونے کے باعث فصل پیلی پڑ گئی ہو وہاں NPK(این 20:پی 20:کے 20)3 کلوگرام 100لٹر پانی میں محلول بنا کر سپرے کریں

☆☆☆☆